23/7/25

C.O

AD (Pub)

23/7/25

DD (PAPR)

The Daily 92 News

روزنامہ 92 نیوز لاہور

786/92

بانی: میاں محمد رشید

ایڈیٹر انچیف: میاں حسن احمد

قیمت 30 روپے

صفحات 8

جلد 10 | بدھ 27 محرم الحرام 1447ھ 23 جولائی 2025ء 8 ساون 2081ب | شمارہ 176

''سُکھ داویہڑا'' پروگرام کے حوالے سے اجلاس

لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان، گوجرانوالہ کی اراضی نشاندہی کے حوالہ سے گفتگو

لاہور (پ ر) صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ کی زیر صدارت ''سُکھ داویہڑا'' پروگرام کے تحت صوبے کے پانچ بڑے شہروں میں فیملی سپورٹ اینڈ میڈی ایشن کمپلیکس کے قیام کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب جاوید اختر محمود، ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر پنجاب طارق قریشی اور دیگر افسران نے شرکت کی جبکہ لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان اور گوجرانوالہ کے ڈویژنل کمشنرز نے بذریعہ زوم لنک شرکت کی۔ اجلاس میں متعلقہ اضلاع میں کمپلیکس کے لیے موزوں اراضی کی فوری نشاندہی سمیت دیگر انتظامات کے حوالے سے گفت وشنید ہوئی۔ ''سُکھ داویہڑا'' کمپلیکس میں فیملی کورٹس، خالش اور مشاورت، بچوں کے لیے ماہر نفسیات کی خدمات، گھریلو تشدد سے متاثرہ خواتین کے لیے تھراپی، قانونی آگاہی، خواتین کے لیے باوقار انتظار گاہیں، آرام دہ کافی شاپس اور بچوں کے لیے کھیلوں کی محفوظ جگہوں سمیت دیگر سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

CamScanner